[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

**Sr. No. of Question Paper : 5438** **H**

Unique Paper Code : 2141001003

Name of the Paper : Urdu-C

Name of the Course : **AEC**

Semester : II

Duration : 2 Hours Maximum Marks : 60

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

1۔ دیے ہوئے شعروں میں سے وہ الفاظ تلاش کر کے لکھیے جن میں 'ھ' کا استعمال ہوا ہے۔ **6**

دھوپ چڑھے تارا چمکا ہے پتھر پر اک پھول کھلا ہے

چاند کا ٹکڑا، پھول کی ڈالی کم سن، سیدھی، بھولی بھالی

کان میں چاندی کی بالی ہے ہاتھ میں پیتل کی تھالی ہے

2۔ ان واحد لفظوں کی جمع لکھیے۔ **10**

امید، چیز، گڑیا، ڈالی، بالی، ندی، تارا، آنکھ، پیادہ، تقدیر، ٹکڑا

3۔ ان لفظوں کے متضاد (اُلٹے) الفاظ لکھیے۔ **10**

زندگی، اپنا، بادشاہ، اُجالا، اونچا، جاگنا، پیادہ، آدمی، فتح، جنگ

4۔ کوئی سے تین محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ **9**

آسمان سے باتیں کرنا، پیٹ میں چوہے دوڑنا، آسمان سر پر اٹھانا

کانا پھوسی کرنا، ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا لال پیلا ہونا

5۔ دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جواب کو چن کر لکھیے۔ **5**

(i) جس نظم میں خدا کی تعریف کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) غزل (b) حمد (c) قافیہ

(ii) صدا کے کیا معنی ہیں؟

(a) ہمیشہ (b) چاندنی (c) آواز

(iii) صحیح لفظ سے مصرع پورا کیجیے۔

ہم کو ان سے ................ کی ہے امید

(a) چاندی (b) وفا (c) ناداں

*P.T.O.*

(iv) ننھی پجارن کی آنکھوں میں نیند کیوں بھری ہے؟

(a) رات کو نیند نہیں آئی (b) وقت سے پہلے جاگ گئی (c) اس کو سونے کی عادت ہے

(v) نظم آدمی نامہ کس شاعر کی ہے؟

(a) مومن (b) نظیر اکبرآبادی (c) اختر شیرانی

6۔ نیچے دیے ہوئے سوالوں میں سے دو کے جواب لکھیے۔ 10

(i) ماں کو ننھی پجارن کے چٹکی کیوں لینی پڑی؟

(ii) ماں نے علم کے تاروں کو آسمان کے تاروں سے زیادہ قیمتی کیوں کہا؟

(iii) سرسید کے مضمون گزرا ہوا زمانہ میں لڑکے نے کیا عہد کیا؟

(iv) ہزاروں سال لمبی رات کہانی میں سننے والے لوگ آخر میں بوڑھے پر کیوں ناراض ہوئے؟

7۔ کسی ایک حصے کی تشریح کیجیے۔ 10

(الف)

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے
ہاں بھلا کر، ترا بھلا ہوگا
اور درویش کی صدا کیا ہے

(ب)

کیا چھا رہی ہے چاندنی
اٹھلا رہی ہے چاندنی
دریا کی اک اک لہر کو
نہلا رہی ہے چاندنی
لہرا رہی ہے چاندنی!